یہ نسخہ عجیب و غریب جو تمام جہان کی کتابوں میں تلاش کرنے سے نہیں ملتا اور نہ کسی طبیب نے اسکو کہیں لکھا ایک اتفاقی تجربہ سے ہمارے ایک دوست کو حاصل ہوا وہ یہ کہ ایک دیسی مرغ ذبح کیا گیا جسنے زہریلا سانپ یا ایک کنکھجورا کہیں سے کھایا ہوا تھا چونکہ اس کے حوصلہ سے سانپ نکلا اسلئے اس مرغ کو کھانے سے پرہیز کیا اتفاقاً ایک برص کے بیمار نے اسکو پکا کر کھایا جب کھا چکا تو اسکو متلی شروع ہوئی قے کیساتھ بلغمی مواد نہایت غلیظ نکلی جس سے وہ مریض بالکل شفایاب ہو گیا ہمکو یہ نسخہ پسند آیا اور ایک دو دفعہ تجربہ کیا گیا مانند تیر بہدف نکلا اسلئے ہم دعوےٰ کیساتھ کہہ سکتے کہ دنیا بھر میں اسکے برابر کوئی دوا مفید نہ ہوگی = ہمارا تجربہ اس طرح سے ہے کہ ایک کنکھجورا کو ٹکڑے کر کے مرغ اصیل کو کھلا دیں جب وہ ہضم کر چکے تو اسکو ذبح کریں اور خوب گرم مصالحہ ڈالکر بیمار کو کھلا دیں بعضوں کو زور سے قے آتی ہے بعضوں کو معمولی مگر فائدہ ہر طرح ہو جاتا ہے لیکن مناسب ہے کہ بیمار کو اس دوا کی خبر نہ ہو کہ وہ اچھی طرح سیر ہو کر کھاوے

---

## شربت یا جوشاندہ برائے حیض آزمودہ

یہ شربت ادرار حیض کیلئے کتاب فیض عام کے مصنف کا آزمودہ اکثر ہے

تخم گرفس — تخم میتھی — تخم خیارین — سونف — اجوائن — سویہ — مجیٹھ ہر ایک دو مثقال
۴ ماشہ ۷ مثقال ۴ مثقال

سب کو جوشاندہ کر کے ۷ مثقال قند سفید داخل کریں اور شربت بنا دیں اور سات روز تک استعمال کریں انشاءاللہ حیض حسب معمول آیا کریگا اور اگر احتباس طمث کے سبب سے درد ہو تو ان دواؤں کا جوشاندہ بنا کر استعمال کریں مجرب ہے =

### (۲۷) کثرت حیض کا بند کرنا

تجربہ ہے کہ سنگجراحت ۳ تولہ - گوند ڈھاک ایک تولہ - مائیں خورد ۶ ماشہ - مصری ہموزن ۷ ماشہ صبح اور ۷ ماشہ شام ہمراہ ایک پاؤ شیر گاؤ کے کھایا کریں مجرب ہے =

### نسخہ امراض سل مجربہ شربت

یہ شربت سل کیلئے اسرار الحکمت اور مجربات کا مین سے ہے = تخم خطمی - تخم خبازی - نیلوفر - بنفشہ ہر ایک ایک تولہ - سپستاں ۳۰ دانہ - عناب ۹ ماشہ - خشخاش ۹ ماشہ = کو نیم کوفتہ دواؤں کو رات کو پانی میں بھگو دیں اور ڈیڑھ پاؤ مصری میں قوام کر کے آگ سے اتار لیں لیکن صمغ عربی - کتیرا ہر ایک چار ماشہ باریک سفوف اسکا ڈال لیں شربت تیار ہے جب پینے کا ارادہ کریں تو اس میں ۲ تولہ روغن بادام ڈالکر پیا کریں آزمودہ ہے =

۱۹۷ ۸۹

## کشتہ ہڑتال گوڈنتی

یہ کشتہ ایک اسرار مخفیہ سے ہے۔ خون منہ سے آتا ہو یا قے کے ذریعے یا دماغ سے یا سینہ کے راستہ یا امعاء سے یا حیض سے یا بواسیر سے غرض کہ جہاں سے آتا ہو فی الفور روکتا ہے اور ضیق النفس میں جس بیمار کو گرم چیزیں موافق نہ آتی ہوں اور تپ میں اگر مسہل دیا گیا ہو یا مادہ قلیل ہو تو شربت بنفشہ و نیلوفر کے ہمراہ دینا عجیب تاثیر دکھاتا ہے اور ضیق النفس میں قطعی اکسیر کا فائدہ رکھتا ہے پس ہڑتال گاؤدنتی عمدہ قسم جو ابرق کی طرح چمکتی ہو دو تولہ لے کر برگ نیم کے پانی میں کھرل کریں جب خشک ہو جاوے تو غلولہ خشک کر کے ایک پاؤ برگ نیم نغدہ میں رکھکر مٹی کا کلیہ میں بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیویں جب سرد ہو جاوے تو نکال کر رکھیں ایک خوراک ہمراہ شربت بنفشہ کے کھلادیں اور نزول الدم کیلئے طباشیر چھلکا اسپغول و بیخ دکبار برابر ملا کر اسمیں چار رتی یہ کشتہ رکھکر پھانک لیں اور اوپر سے تو دم شربت انار پی لیں فی الفور آرام ہوگا اور ضیق النفس گرم کیلئے مکھن میں کھلادیں یہ کشتہ آزمودہ بارہا کا ہے۔

### کشتہ سنگ یہود عمدہ

سنگ یہود ۲ تولہ کو آب باتھو یعنی بتھوے میں کھرل کریں پھر خشک کر کے ایک پاؤ نغدہ میں ملفوف کر کے دس پندرہ سیر کی آگ دیں خوراک ۲ رتی تجربہ کر کے دیکھ لیں

برائے سنگ گردہ کیلئے اکسیر ہے کیسی قسم کا درد گردہ ہو آزما کر دیکھیں

---

صفحہ ۸۹

## طلا آزمودہ شدہ مجرب خود

یہ ضماد سستی ضعف مجلوق و کجی آلہ و سردی انثیین و نزاری قضیب کیلئے ایک اکسیر کثیر النفع ثابت ہو چکی ہے نہایت تیر بہدف قابل تعریف ہے۔ جس

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جاوتری | جائفل | مازو | شنگرف | مالکنگنی | بیربہوٹی | ہمراہ روغن الخمر یعنی اسپرٹ |
| ا تولہ | ا تولہ | ۴ ماشہ | ۳ ماشہ | ۲ تولہ | ۲ تولہ | ۵ تولہ |

میں کھرل کر کے تیار کریں جتنے میں ضماد تیار ہو جاوے۔ پہلے آلہ تناسل کو نسوار نمک سے گھسکر اوپر سے یہ ضماد قدرے لعاب دہن میں حل کر کے لگا دیں چار دن تک استعمال کر کے چھوڑ دیں ہفتہ کے بعد پھر استعمال کریں نہایت عجیب منافع ظاہر ہونگے مجرب ہے

۹۱

## جوارش آملہ نہایت مفید مجرب شدہ

یہ جوارش مقوی معدہ و دل ہے بھوک خوب لاتی ہے اور جگر کی حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ اسہال مراری کو نافع ہے لیکن معدہ کی خوب اصلاح کرتی ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آملہ منقی ~~شیر پروردہ~~ | طباشیر عمدہ | صندل سفید اصل | پوست سماق | زرشک بیدانہ |
| ۵ تولہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ |
| گلسرخ بہاری | بادرنجبویہ | پوست بیرون پستہ | کشنیز مقشر | تخم خرفہ |
| ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ا تولہ | ا تولہ |
| دانہ الائچی خورد | صدف صادق مصفیٰ سوختہ | ورق نقرہ | ~~مروارید~~ دو چند | مصری سفید سہ چند ۷ چھٹانک |
| ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۲۵ عدد | | |

جوارش تیار کریں خوراک ۹ ماشہ

۲ گے نمبر ۲ کے دیکھیں ( بتی مخلوق ) ۹۰

نہایت ہی مجرب اور تیر بہدف نسخہ ہے النساء التقی فی ۳۳-۳۲ لم ۔ روز میں فائدہ ہوگا بہ قلیل نسخہ خاص مجربات سے ہے۔

تعریف مرض خاص

اگر عضو ٹیڑھا یا کہیں سے پتلا ہو گیا ہو تو اسکے لئے یہ بتی نہایت ہی عمدہ
عقرقرحا باریک پیسکر رکھیں اور سفید پیاز کے عرق سے خمیر کرکے باریک بتی
اوپر کچا سوت لپیٹ دیں رات کو لگائیں صبح کھولکر ۱۵ منٹ کے وقفہ سے دوبارہ
لگائیں اسی طرح ہر روز کیا کریں یعنی ایک بتی رات کو لگایا کریں اور صبح کھول دیا کریں ۳
میں کافی آرام ہو جائیگا خون سب جگہ یکساں پھر کر ہموار ہو جائیگا مجرب ہے

ترجمہ

## تریاق صداع یعنی اکسیر درد سر

اس اکسیر صفت نسخہ سے سینکڑوں بندگان خدا نے نفع حاصل کیا ہے مثلاً درد سر مختلف
اور صداع شقیقہ - عصبی - مفاصلی - ریاحی - نزلی وغیرہ کیلئے ایک بہترین تحفہ ہے
مناسب بدرقات کے ساتھ دیا جائے سردی سے درد سر کیلئے اور تھکے ہوئے دماغ کیلئے بجز
کی دوائی ہے = سوڈا سیلی سلاس - اسپرین - سورنجان شیریں - دانہ الائچی کلاں

ادویہ

لونگ [illegible] ۶ ماشہ — قند سفید ۳ ماشہ — ۳ ماشہ — سب کو سحق بلیغ کرکے

سفوف بنائیں خوراک دو ماشہ صبح تین یوم تک تازہ پانی کے ساتھ ۔

---

[illegible] آزمودہ

## پارہ جگر [illegible]

۳ اعلٰی زعفران [illegible] کندھک آملہ سار مصطگی ہرتال ورقی شنگرف رومی ہر ایک ایک تولہ
تمام ادویہ کو ہاون دستہ میں کوٹ کر یکجان بنالیں اسکی برابر برابر وزن کی ڈلیں یعنی تیار کریں
بعدہ برادہ طلایا ورق طلا ۳ عدد [illegible] لیکر کھرل میں ڈالکر انہیں ایک ایک بڑیہ شامل کرکے عمدہ
طریقہ سے کھرل کریں - آسگندھ ناگوری ایک تولہ ان کو کسی برتن میں جوکوب کرکے دو تولہ
پانی میں ڈالکر بھگو دیں صبح کو مل چھان کر یہ پانی تھوڑا تھوڑا ڈالیں اور کھرل کرتے رہیں
جب یہ پانی ختم ہو جاوے تو ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کرکے اچھی طرح گلحکمت کرکے سکھائیں
اوپلوں کی درمیان رکھکر آگ دیں اسی طریقہ سے تمام بڑیہ باری باری سے ختم کریں اور ہر دفعہ
تھوڑی تھوڑی آگ کا اضافہ کرتے رہیں دوران تیاری میں کشتہ کئی رنگ بدلیگا آخر مرتبہ
خاکستری رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا بس باریک پیسکر محفوظ رکھیں خوراک ایک خشخاش
بالائی یا مکھن میں - ہر مرض کی حکیمی اکسیر اللہ اعظم لقمان ثانی دوا ہے = واقعی اکسیر جان ہے

۵-۳-۷

درد دانت کی یہ دوائی اور منٹ میں کیا
یہ ذیل بوٹی کی کرامت ہے نہ چیز منتر ہے آزما دیکھو

گھگر بیل کا پھل کھول کر اسکا رس شیشی میں سنبھال رکھیں اور انگلی سے داڑھ کے ارد گرد لگائیں
اور خداوند تعالٰی کا نام لیکر داڑھ نکال لیں فوراً بغیر درد کے داڑھ نکل آئیگی مگر خیال رہے کہ رس تازہ ہو
نسخہ ہذا [illegible] بہت مجرب ہے = اگر تازہ رس نہ ملے تو بازار سے خشک پھل لیکر اور پانی میں ابال کر رس نکالا
اور داڑھ پر لگا دیا فوراً داڑھ نکل آئیگی یہ واقعی اکسیر کی عمدہ بوٹی ہے جو اکثر آزمودہ ہے

92

## کشتہ مس بزنگ نسخہ نمبر ۳۴۳

یہ اکسیری کشتہ بنانے میں نہایت آسان اور فوائد میں ذی شان ہے

ایک عدد پیسہ تیر کی تصویر والا پورا ولی عرب کا لیکر اکیس بجھاؤ کھٹکل نمبر کے پانی میں لیجوہ دس تولہ نغدہ بیخ اٹ بیٹ کلروں میں رکھکر اچھی طرح سمپٹ کر کے ہوا سے بچاکر بھینس سیر اوپلوں کی آگ سرد ہونے پر نکال لیں انشاء العزیز کشتہ سفید اگر کسی سبب سے پہلی مرتبہ خامی رہ جاوے تو دوسری مرتبہ پھر یہی عمل کریں بس تیار ایک چیسکر رکھیں خوراک نصف چاول سے چاول تک ہمراہ مسکہ بالائی کے۔

یہ نسخہ نامرد کو مرد بنانے والا ہے غذا میں گھی دودھ کا استعمال کافی رکھیں ہفتہ عشرہ کے لگاتار استعمال سے گیا گزرا مریض بھی اپنے آپ کو مرد کامل کہلانے کا [illegible] ہو جائیگا یہ نسخہ بھی ایک خاص الخاص صدری راز کا ہے ‡

## سوزاک کا ایک نہایت عمدہ نسخہ

یہ نسخہ دس پندرہ سال کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے صرف سات خوراکیں کافی ہیں۔ نیولی بکائن جسکو پنجابی ڈکانو بولتے ہیں لیکر سایہ میں خشک کر اور گولی سمیت باریک پیسیں خوراک ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ ۱۰ دودھ بکری یا گائے کے استعمال کریں) نوٹ اس نسخہ میں جتنی سرخ مرچ اور گرم مصالحہ استعمال کریگا اتنا ہی جلدی فائدہ ہوگا خاص کر گوشت کھانے والا

اکسیر الاثر نسخہ ہے بہر حال بہتر صرف نیل کھائی گرانے سے ہے

---

## پتھری توڑ - یعنی سنگ گردہ و مثانہ کے اخراج کیلئے یہ خیر طبیہ نسخہ ہے

93

نسخہ فی خوراک دلی

| دوائے حجر الیہود | جو کھار | مولی کھار |
|---|---|---|
| ۱ رتی | ۲ رتی | ۱ رتی |

= یہ ایک خوراک ہے سب ملاکر ہمراہ شربت بزوری معتدل دیں دس یوم تک ضرور استعمال کرائیں تاکہ تمام پتھریاں ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائیں لیکن اسکے ایک ہفتہ کے استعمال سے کئی پتھریاں خارج ہو جاتی ہیں پہلے ریگ پھر کنکر پھر پتھریاں آجاتی ہیں جبتک پیشاب میں ریزہ ریزہ ہوکر آتی رہیں دوا کا استعمال جاری رکھیں جب پیشاب صاف آنے لگے دو تین روز استعمال کراکر بند کردیں پھر تمام عمر پتھری پیدا ہونیکا اندیشہ نہیں رہتا اکثر آزمودہ مطلب ہے

## ترکیب دوائے حجر الیہود

| سنگ یہود | شورہ قلمی | آب مولی |
|---|---|---|
| ۵ تولہ | ۱۰ تولہ | [illegible] |

= ایک کوزہ گلی میں ۵ تولہ شورہ ڈالکر پھر سنگ یہود ۵ تولہ رکھکر پھر اوپر ۵ تولہ شورہ کا غلاف دیں پھر آب مولی ڈالکر کوزہ کو گلحکمت کرکے ۵ اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالکر پھر اسی طرح سنگ یہود کو دس تولہ قلمی شورہ کے درمیان رکھکر نیم سیر آب مولی ڈالکر گلحکمت کرکے ۵ اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح متواتر چھ آگ دیں پھر نکالکر پیس رکھیں بس دوائے حجر الیہود تیار ہے

(اور مولی کا ہی پانی نکالکر نمک تیار کریں = یہ نایاب دوائے گردہ ہے)

# نکسیر بند کرنے کا تیر بہدف مجرب بے خطا علاج

| مشک کافور | اونٹ کی پشم کی راکھ | پھٹکڑی بریاں | مازو | گیرو |
|---|---|---|---|---|
| ۲ ماشہ | ۱ تولہ | ۱ تولہ | ۶ ماشہ | ۳ ماشہ |

تمام ادویہ کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت انشاء اللہ تعالیٰ نام لیکر بطور نسوار سنگھائیں انشاء اللہ العزیز خون کی بہتی ہوئی دھاریں فوراً بند ہو جائینگی اکثر مرتبہ کی مجرب بیخطا دوا ہے =

## ۲ خاص الخاص روغن عجوبہ مقوی اعضائے تناسل

آزمودہ

ایک منتخب قابل قدر مخفی راز کا نسخہ ہے اور لطف یہ کہ بے ضرر ہے آلہ ٹیڑھا پن کرنا بہت عجوبہ ہے خاص مقوی آلت و درازی و کجی کو دور کرکے مرد کامل بنا دیتا

روغن زیتون  روغن چنبیلی  کو ایک بوتل میں ڈالکر عاقر قرحا ۲ تولہ  بیر بہوٹی
۱۰ تولہ  ۲۰ تولہ  ۳ تولہ  ۲ تولہ

باریک کھرل کرکے اس میں ملا لیں پھر رکھیں قبرستان کے کیڑے لیجئے موٹے سر والی ہری چیونٹیاں دو سو عدد اس میں ملا کر بوتل کا منہ مضبوط کارک سے بند کرکے کپڑا سے خوب باندھ دیں اور اکیس یوم تک دھوپ میں لٹکائے رکھیں سب اشیاء تیل میں حل ہو جائیں پھر بقدر اچھی طرح حل نہ ہوں تو کپڑا سے چھان لیں رات کو حسب دستور مالش کرکے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں

---

# نہایت عمدہ تیر بہدف آزمودہ اکثر زود اثر نسخہ

## کشتہ شنگرف

| آب پیاز مقطر | آب لہسن مقطر | شنگرف رومی | پیالی چینی فراخ تلہ والی خورد |
|---|---|---|---|
| — سیر | — سیر | ۱ تولہ | ایک |

انگاروں پر پیالی بمعہ شنگرف رکھکر پانی مقطر مذکورہ ڈیڑھ چمچہ تک ڈالیں اور تنور بپا کریں یعنے جسوقت وہ پانی خشک ہو اور قلیل باقی ہو اور دوسرا پانی ڈالیں حتی کہ بارہ آنچ میں تنور ہو جاویگا جسوقت آخری پانی ہو تو خوب احتیاط کریں یعنے جسوقت تھوڑا پانی باقی رہے تو محض نرم آنچ پر پانی خشک کریں اور شنگرف مذکور فوراً نکال لیں اور کھرل مضبوط میں ڈالکر سحق کریں جسوقت باریک ہو جاوے تو ورق طلاء خالص جرمنی ساخت کے نہیں تین سو لیں اور دو دو ورق ڈالکر سحق کریں ایک دفعہ کے جب اچھی طرح ناپید ہو جاویں اور چمک نہ رہے تو دوسرے دفعہ ورق ڈالیں اسی طرح تمام ورق ختم کریں جب یہ ختم ہو جاویں تو پھر مروارید ناسفتہ اصلی عمدہ ۶ ماشہ لیکر انکو بھی دو دو کرکے تھوڑے بالا ورق ختم کریں لیکن یہ خیال رکھیں کہ جسوقت ایک ختم ہوئے بالکل باریک خوب ہو جاویں پھر دوسرے ڈالیں بس یہ عمل ختم ہوا - اب اسمیں ہر ترہ طاقت ڈالنی ہے جس سے از حد درجہ قوی زود اثر ہو جاتا ہے وہ یہ ہے کہ دو بوتل وہسکی وائیٹ اسپرٹ (روح الخمر) تولہ تولہ ڈالکر خوب قوی کھرل کریں اور رکھنا ہرگز نہ ہوگا اسی طرح تمام اسپرٹ ختم کریں یعنے یہ کل چالیس دن کا عمل ہے - اس کے بعد مرکب مذکور تھوڑی عرصہ تک نرم انگلیوں سے مزید کھرل کریں تا اسپرٹ کی رطوبت بالکل خشک ہو جاوے تب شیشی میں بحفاظت سنبھال کر رکھیں - خوراک دو چاول سے چار چاول تک ہمراہ مکھن یا بالائی دیگر غذا دو وقت ہر قسم بیرونی گرم خشک اشیاء سے پرہیز لازمی ہے - یہ مرکب ہر ایک مزاج کے موافق ہے اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے واقعاً عرض ہے کہ یہ کشتہ تیار شدہ پانچ ضعف کے اندر تمام جسم میں برقی رو پیدا کر دیتا ہے ایسا زود اثر نسخہ جو صحیح معنوں میں ہو یہ ہے کمیاب ہے نہایت درجہ کا مقوی ہے حکیم دائمی

## سلسل بول کا عجیب الاثر نسخہ (۵۰) ۲۰

جو مریض پیشاب کو ضبط نہ کر سکتا ہو اور بار بار حاجت ہوتی ہو ایسی حالت میں یہ اکسیر کامل کا حکم رکھتی ہے بنا کر خوب آزمودہ میں مجرب ہے

| کافور | طباشیر کبود | شنگرف رومی |
|---|---|---|
| ۲ تولہ | ا تولہ | ا تولہ |

= ہر سہ ادویہ کو باریک پیس کر پانی کے ذریعہ حبوب بقدر دانہ نخود تیار کریں = خوراک ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ دیا کریں

## یرقان کا صرف چھ گھنٹہ میں شرطیہ مجرب علاج

خود رو کڑوی توری یعنی جنگلی کڑوی توری - اگر تازہ ہو تو پانی نکال کر دو ایک ہتھیلی پر رکھ کر دو تین قطرے ناک میں چڑھا لیں اسکے اندر جانے کی دیر ہے کہ زرد زرد سا پانی جو یرقان کا گند ظاہر ہوتا ہے خارج ہونا شروع ہوگا اور سیروں کی مقدار میں پھر شفا انشاء اللہ تعالیٰ حاصل ہوگی اگر زیادہ خارش ہو تو بعد میں گائے کے گھی کی نسوار دیا کریں

نوٹ یاد رہے کہ یہ دوا بڑی تیز ہے نازک طبع اشخاص پر اس کا تجربہ خیال کر کے کریں کیونکہ ... سے آنکھ اگر درد شقیقہ ہونے لگتا ہے اور بعض کو چکر آتے ہیں اور بعض کو دو تین گھنٹہ بعد زرد کا نکلنا ہو جاتا ہے جو پانچ دس گھنٹہ بعد خود بخود اتر جاتا ہے = لیکن اگر تازہ درس نہ ملے تو توری کڑوی کا خشک چھلکا لیکر اسے رات بھر پانی میں بھگو کر صبح اس پانی کے دو تین قطرے ڈالیں تو بھی اثر ہوتا ہے کڑوی توری کا بیج بازاروں میں عام مل سکتا ہے اسکو بھی گھس کر لیا جاتا ہے اور اکثر آزمودہ شدہ ہے =

## اکسیر الاثر محلول سم الفار عجوبہ

96

| سم الفار سفید | گلیسرین | پیالی تام چینی |
|---|---|---|
| ا تولہ | ۲ تولہ | یک |

اول سم الفار کو باریک سفوف کریں پھر گلیسرین میں ڈال کر انگاروں پر ہلکی ہلکی آنچ جبکہ جوش نہ آئے جب جوش آنے کے قریب ہو تو نیچے اتار لیں ذرا سرد ہونے پر پھر آنچ پر رکھیں اسی طرح چند مرتبہ کرنے سے چند منٹ میں تمام سم الفار گلیسرین میں حل ہو جاویگا = لیکن یہ احتیاط ضروری ہے کہ گلیسرین آگ پر جوش نہ آنے دیں ورنہ سم الفار کا جوہر اڑ جائیگا - دیگر: اس محلول کا رنگ عمدہ کرنا ہو تو چند ذرے اصلی زعفران ملا کر گرم کریں زعفرانی رنگ ہو جائیگا کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں یعنی محلول کو کسی مضبوط ڈاٹ کی شیشی میں رکھیں اگر شیشی کا منہ کھلا رہے تو گلیسرین ہوا سے آبی بخارات جذب کر کے ذرا سی بڑھ جائیگا اور قوام بہت رقیق ہو جائیگا اسلئے مضبوط کارک لگا کر رکھیں = لیکن یہ محلول حد سے زیادہ تیز ہے احتیاط سے استعمال کرا دیں

### (افعال و منافع)

یہ محلول اندرونی و بیرونی ہر دو طریقہ پر استعمال کیا جاتا ہے = مقوی و محرک باہ - مقوی معدہ - مقوی و محرک اعصاب - مفرح و قاطع بلغم - جرم کش - ہاضم تیز اور منقی ہے - اس لئے ضعف باہ - آتشک و جذام - خنازیر - لقوہ - فالج - نمونیہ - دمہ - کھانسی اور بڑھاپے سے ملیریا بخار وغیرہ وغیرہ کیلئے ایک مفید و مجرب چیز ہے اور حکمی طور پر تریاق الامراض ہے بہت افضل بے ضرر چیز ہے +

بیرونی طور پر کسی مناسب روغن میں حل کر کے طلاء بالخصوص استعمال اس کمزوری اعصاب اور ہر قسم کے درد کو نافع ہے = اندرونی طور پر ضعف باہ کیلئے ایک بوند محلول - دو ذرہ ملائی جست - دو رتی جاوتری تینوں کو ملا کر ایک گولی بنالیں اور بوقت خواب ہمراہ شیر گرم دو دو ہفتہ استعمال سے کھلائیں حیرت انگیز اثر دکھائیگی (دمہ کھانسی میں ایک بوند شہد میں ملا کر چٹائیں صبح اسی طرح تمام دیگر امراض میں ہمراہ عرق شربت وغیرہ دیں)

۴۱

## آنکھ کے ککرے

| سرمہ سفید | پھٹکڑی بریاں | سمندر جھاگ | کشتہ جست | نیلا تھوتیا | مرچ سفید |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ تولہ | ۳ ماشہ | ۲ ماشہ | ۲ ماشہ | ۱ ماشہ | ۵ دانہ |

پہلی = تمام ادویہ کو باریک کر کے اول عرق لیموں ایک چھٹانک میں کھرل کریں بعدہٗ عرق ½ دانہ میں تین چار روز کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگایا کریں۔ ککروں کیلئے نہایت مفید بلکہ اکسیر نسخہ ہے جس سے بیشمار مریض صحت یاب ہو چکے ہیں یہ خاص الخاص نسخہ ہے استعمال کریں اور فائدہ دیکھیں ۔

۴۲

## نوبتی و صفراوی بخاروں کیلئے اکسیر الاثر گولیاں

| کافور | گیرو | طباشیر | دانہ الائچی خورد | افیون | جملہ ادویہ کو باریک |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ تولہ | ۱ تولہ | ۲ ماشہ | ۲ ماشہ | ۳ ماشہ | |

پیس کر سفوف بنا لیں یا گولی بقدر نخود بنا لیں ہمراہ شربت صندل و عرق بید مشک دن میں چار مرتبہ دیا کریں۔ اگر حالت بخار ہو تو ہر ۲ گھنٹہ کے وقفہ سے دیتے رہیں لیکن اسی یوم میں آرام ہو جاویگا صفراوی بخار کے تمام عوارض مثلاً بے چینی۔ ہذیان۔ پیاس۔ جلن۔ غثیان اور اسہال وغیرہ سب دور ہونگے = اگر نوبتی بخار ہو تو ہر دن بمطابق استعمال کریں ورنہ ہر حالت میں بغیر دیکھے آرام ہو جاویگا = // دیکھ آسان و مجرب نسخہ آگے ملاحظہ ہو = لسان

## پیت کا مجرب علاج

۹۰

یہ ابھار سرخی مائل موسم گرما میں اکثر ہوا کرتے ہیں عام طور پر انکو پیت کہتے ہیں یہ نسخہ ان کیلئے از حد مفید ہے =

| کافور | مردار سنگ | سودا سلی | سلاکس | سفیدہ کاشغری |
|---|---|---|---|---|
| ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | | ۳ ماشہ |

ہر ایک تین تین ماشہ سرکہ دو تولہ میں پیس کر بوقت خواب ضماد کریں انشاء اللہ صبح تک ابھار معدوم ہو جائینگے اکثر تجربہ میں آکر مفید ثابت ہوا ہے۔

## مرہم آتشک یا پھوڑا پھنسی وغیرہ

کافور، موم سفید، طوطیا ہر ایک دو تولہ۔ کمیلہ ایک چھٹانک۔ روغن سرسوں ایک پاؤ۔ تیل کو آگ پر رکھیں اور ساتھ ہی کمیلہ ڈالدیں جب تمام کمیلہ جل کر آگ پر رکھا رہنے دیں پھر کر زیادہ دیر تک بعدہٗ اتار کر تیل کو چھان کر برتن میں ڈالیں دوسری ادویہ باریک کر کے شامل کریں یہ ایک قسم کی مرہم بن جائیگی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں روزانہ زخموں پر لگایا کریں ہر قسم کے پھوڑا پھنسی ناسور بھگندر وغیرہ میں تیر بہدف ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے انشاء اللہ ہر قسم کے زخم وغیرہ سب دور ہونگے مجرب ہے =

## معمہ حیض کشا عجیب

جو بند شدہ حیض کو محض پانچ منٹ میں جاری کرتا ہے۔ چونکہ یہ گولی ایک ہی خوراک کی ہے حمل بھی ساقط ہو جاتا ہے واللہ اعلم۔

ایک جونک لیکر اس کو خشک کرکے پھر اسے ایک دو لونگ سمیت کوٹ کر سفوف بنا لیں پھر اس تمام سفوف کو ایک ہی مرتبہ پانی کے ساتھ پھانک لیں بفضلہ تعالیٰ فوراً خون جاری ہو جائیگا اور جاری رہیگا جب بند کرنا مطلوب ہو تو سبز تماکو کے پتے کا پانی پلا دیا جائے اگر سبز تماکو نہ ملے تو خشک تماکو کے پتوں کو رگڑ کر چھانکر پلائیں بہت تھوڑی مقدار میں وہ بند شروع ہو جائیگی بعد مقویات کا استعمال کرائیں =

## برائے کرم دندان عجیب

کافور نوشادر افیون لقبہ وغیرہ برابر وزن لیکر باریک پیس لیں بوقت ضرورت کرم خوردہ دانت میں رکھکر کسی چیز سے دبا دیں انشاءاللہ تعالیٰ کرم ہلاک ہو کر دانت ہمیشہ کیلئے بند ہو جاویگا نہایت ہی عجیب و غریب چٹکلہ ہے

## لوشن برائے درد دانت

کافور۔ فینائل کی گولی سپرٹ جملہ ادویات برابر وزن لیکر پہلے سپرٹ کو بوتل میں ڈالکر پھر کافور اور فینائل کو باریک پیسکر ڈال دیں اور کارک لگا کر خوب زور سے ہلا دیں تاکہ تمام ادویہ ایک جز ہو جائیں۔ لیکن بوقت ضرورت تھوڑی روئی لیکر نیم گرم کرکے پھایہ کے دانت پر ملیں انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہی منٹ میں خواہ کتنا درد کیوں نہ ہو فوراً بند ہو جاویگا۔

(۵)

یہ نسخہ [illegible] ١٢ (منیر الاطباء [illegible] ۲۸

## کشتہ شنگرف مقوی بدن

یہ نہایت عجیب چیز ہے بدن کے اعصاب کو حرکت دیتی ہے اور قوی کرتی ہے معدہ اور باہ کو بیحد قوت دیتی ہے وزن میں رنگ سرخ کرتی ہے کایا پلٹ چیز ہے جو استعمال کرتے ہیں وہ اسکے بیحد مداح ہیں خود بار بار آزمائش کریں = نسخہ مبارک = نوشادر ٹھیکری کو علی الترتیب عرق لیموں۔ امر بیل۔ اٹ سٹ۔ اور کیلے کے رس میں ایک ایک دن کھرل کرکے آگ یا دھوپ خشک کریں اور جوہر اڑا لیں۔ یہ جوہر نوشادر۔ کافور۔ رسکپور۔ جو ملیں [illegible] کار بالک ایسڈ ایک تولہ ملا لیں یہ سب تیل ہو جاویگا۔ اس تیل میں تولہ شنگرف کچھ دیر پڑا رہنے دیں اور پھر نکالکر جوان آدمی کے چھ انگشت بھر سیاہ بال مقدار میں لپیٹ کر ایک لوہے چینی کی پیالی میں رکھیں اور دوسری کاسے بند کرکے نرم آنچ پر جلائیں بالوں کا تیل نکلکر اسمیں شنگرف پکیگا جب یہ تیل خشک ہو جاوے تو شنگرف نکالکر خشک کر لیں اور صاف کریں اسی طرح اسکو تیل میں ڈبوکر یعنی ترکیب بالا مذکور سے چار پانچ مرتبہ کرنے سے کشتہ بہ رنگ عنابی سیاہی مائل ہوگا خوراک حسب مزاج چاول کے دو چاول تک نہایت عجیب چیز ہے

## اکسیر جریان خاص الخاص

اسکے استعمال سے پہلے ہی روز احتلام بند ہو جاتا ہے اور دو روز کے اندر اندر جریان
قطعاً ٹھیر جاتا ہے دس روز متواتر استعمال کرنا سے سرعت انزال تبخیر معدہ بوجہ
ضعف دماغ - ضعف اعضائے رئیسہ - مراق اور بے خوابی رفع ہو جاتے ہیں اور روز بروز چہرہ
صاف ہو کر گلاب کی طرح چمکنے لگتا ہے اور بدن کا وزن بڑھ جاتا ہے = صفت

پیپل - بڑھ - کیکر - شیشم کی موٹی موٹی اور لمبائی میں برابر تازہ لکڑیاں لے کر
ان کو لوہے کی تار سے اکٹھی باندھ کر درمیانی حصے کو دہکتے ہوئے انگاروں پر
رکھ دیں ہر ایک لکڑی کے سرے کی طرف سے تیل کی قسم کا مادہ ٹپکیگا اکٹھا کر کے
اس میں لمبانیر و الاچی خورد ہر ایک ہموزن کا آٹا گوندھتے جاویں اور گولہ سا بنا لیویں
گولہ بارہ روز کے بعد خشک ہو جاویگا اس سے نصف وزن کابلی مصری ملا کر سفوف کر کے
خوراک نصف ماشہ ہمراہ مکھن یا ملائی میں = اکسیر چیز ہے

---

## اڑجھنا رسفوار رس

پارہ - گندھک - بچھناک - سہاگہ کھل کیا ہوا برابر وزن = سبکو اسقدر رگڑیں کہ سیاہ نہ
ہونے پائے اب اسکو کالے سانپ کے پیٹ میں گل حکمت کر دیں اور اسکو بھی
ایک مٹی کے برتن میں رکھکر نیچے اوپر نمک ڈھک دیں اور اس برتن کو ڈھک کر بارہ
گھنٹے تک ہلکی آنچ دیں جب یہ برتن ٹھنڈا ہو جاوے تو دوا کو نکال لیں اور خوب
باریک پیسکر رکھ لیں + اس میں سے ایک رتی دہنے نتھنے میں نسوار کریں تو دہنی
طرف کا بخار - اور بائیں طرف نسوار کریں تو بائیں طرف کا بخار چلا جاتا ہے بہت لوگوں پر تجربہ کیا

## کشتہ تانبا اکسیر الاثر

عمل

عالمگیری پیسہ ۱۲ عدد دانہ لیکر صاف کریں جسوقت شدہ ہو جاوے تو ستیاناسی کے ڈوڈے
اور انکا بیج سیاہ نہ ہو ہر پانچ تولہ لیکر لغدہ بنا کر درمیان میں شدہ پیسہ دیکر قلعی پانچ تولہ
کی پیالی یعنی ڈبیہ بنوا کر اس کے درمیان وہی پیسہ مع لغدہ رکھکر اوپر کھدر کا کپڑا ذرا
تھوڑا گیلا کر کے یعنی بھگو کر اس پر لپیٹ دیں پھر ہزار دانی بوٹی کا بھی لغدہ بنا کر ڈبیہ
رکھکر دیں اوپر کھدر کا کپڑا لپیٹ دیں پھر اس پر ہرا نئے ٹاٹ کی بوری کا ایک گز ٹکڑا
لپیٹ کر ۱۰-۱۵ سیر اوپلوں میں پھونک دیں پیسہ اور قلعی سفید پھول نکلینگے =

## آتشک سوزاک جدید و کہنہ کیلئے دواقی اکسیری نسخہ

دو تولہ پھٹکڑی سفید کو مٹی کی توی پر بریاں کریں یعنے جسوقت پھٹکڑی پھولنے
اسمیں ۳ ماشہ افیون خالص تھوڑی تھوڑی مقدار میں ڈالیں حتی کہ کل افیون ختم ہو جاوے اور
بھی بریاں ہو جاوے علیحدہ رکھیں - دوسری جز = پھٹکڑی ایک چھٹانک پوست ریٹھہ لیکر باریک
پھر ایک تولہ طوطیا نیلہ درمیان پوست ریٹھہ باندھ کر کوزہ گلی میں رکھکر خوب طور گل حکمت
کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکالیں تو تیا کشتہ شدہ برآمد ہوگا

ترکیب سوزاک والے کیلئے = ۳ ماشہ کشتہ طوطیا و پھٹکڑی بریاں شدہ بالا میں ملا کر دو گولیاں
کھرل کر کے علیحدہ شیشی میں رکھیں خوراک چاول مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر دیں صرف دن میں
ایک ... انشاء اللہ قدیم جدید سوزاک ہفتہ عشرہ کہنہ دو تین ہفتہ اندر بیشک نابود ہو جاوے

ترکیب آتشک والے کیلئے = مریض آتشک خواہ کتنا ہی گل گیا ہو اور کیسے ہی زخم ہوں
اکیلا کشتہ طوطیا خوراک ایک رتی مکھن یا بالائی میں رکھکر کھلا دیں - اور مریض کو ایسی جگہ
بٹھا رکھیں ہرگز ادھر ادھر نہ ہونے دیں اگر مریض کو پیاس لگے تو بجائے پانی کے روغن زرد [illegible]
پلائیں اور پانی ہرگز نہ دیں چند گھنٹہ کے اندر اندر زخم اور درد نابود ہو جاویگا مریض حیران
کہ جو سالہا سال کے زخم تھے صرف ۲ گھنٹہ کے اندر کہاں غائب ہوئے - پھر بارہ گھنٹے کے بعد
پینے کی اجازت ہے انشاء اللہ دائمی آرام ہوگا

---

بنیر اکتوبر ۲۹ سن ۵۳

## زود اثر قوی التاثیر ہر امراض کا اکسیری نسخہ طلا ١٥٧

مقطر تازہ
ہرادہ طلا خالص کو آب ادرک پانچ تولہ - آک کا دودھ پانچ تولہ - آب گھیکوار پانچ تولہ
ہلیلہ مقطر
آب پان پانچ تولہ ترتیب وار علیحدہ علیحدہ کھرل کریں باری باری سے خشک کریں اور آخر میں
علاوہ ازیں دس تولہ برگ پان کا نغدہ بنا کر ایک مٹی کے کوزہ میں رکھ کر اچھی طرح سے گل حکمت کریں
اور پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں ایسی جگہ پر جہاں کہ ہوا نہ لگے خوراک چاول ملائی یا مسکہ میں صرف
آٹھ دن کے بعد خوراک - لیکن موسم سرما میں حد آٹھ خوراک تک دس سے زیادہ نہیں گرما میں چار خوراک
اور ہر ایک خوراک میں آٹھ روز کا وقفہ ضروری ہونا چاہیے =

## ترکیب کشتہ قلعی پارہ شورہ والا عمدہ

قلعی مصفی پانچ تولہ - پارہ دس تولہ - قلمی شورہ ۴۰ چالیس تولہ = پہلے قلعی کو پگھلا کر پارہ ہمراہ ڈالکر کھرل
ڈالیں اور پھر گڑ کو کھرل میں ڈالکر باریک پیسیں اور تھوڑا تھوڑا شورہ ڈالکر کھرل کرتا رہیں کم از کم
ڈیڑھ گھنٹہ میں باریک سفوف تیار ہو جائیگا - پھر اسکو مٹی کے چھوٹے بڑے کوزہ میں ڈالیں جو دو
بار ہونا سے آٹھ حصہ خالی رہے پھر اسپر ڈھکنہ دیکر اوپر وزنی پتھر یا اینٹ دیدیں اور دس
پیالوں کے اندر دس بارہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں خوب شورہ ہوگا اور شعلے بلند ہونگے لیکن آگ بجھ
جانے پر دیکھیں کوزہ میں قلعی کا کشتہ سفید گول بڑا انڈا سا ملیگا باریک پیس کر کپڑ چھان
کرلیں پھر پانی میں دھوکر رکھ دیں جب پانی بیٹھ آوے تو پانی گرا دیں تازہ پانی اور ڈالیں
چھ سات بار دھونے سے تمام شوریت نکل جائیگی پھر کام میں لادیں =

## طلائے خاص نمبر ۳

بڑی تقویت فربہی آلت و تندی و تیزی تمام لطائف مفید و مجرب ہو چکا ہے

ایک جوان گدھے کو دست و پا باندھ کر گرا دیں اور اسکے خصیہ میں بڑی بڑی سات جونکیں لگا دیں جب وہ خون پی کر الگ ہو جاویں تب انکو تین پاؤ روغن چنبیلی میں ڈالکر کڑاہی میں آگ پر جلا لیں پھر روغن کو صاف کر کے اس میں دو تولہ سرخ منہ کے بڑے چیونٹے ڈالکر ایک شیشی میں رکھکر دھوپ میں لٹکا دیں سردی سے نگاہ رکھیں ایام سرما میں ایک ماہ اور گرما میں بیس روز تک پڑے رہنے دیں پھر اسکو پارچہ میں چھانکر اسمیں چربی شیر - چربی ریچھ - چربی سانپ چربی مینڈک اور گلہری چربی سانڈہ - [illegible] گھونگچی سفید بیخ کنیر سفید ایک ایک تولہ لیکر چاروں کو کھرل کریں - بطرز معروف جوش چھوڑ کر ذرا گرم کر کے مالش کریں (بہتر ہے کہ تین چلہ کے وقت زنبور سیاہ ایک نسخہ کو تیل ہمراہ جونک جلا لیں

### آسان جلمزدہ

سیمنٹ پتھر باریک = گلیجم بکری مساوی الوزن لیکر دونوں کو خوب کوٹیں یہاں تک کہ دو
۱۰ تولہ ۱۰ تولہ
یک ذات ہو کر لیس پیدا ہو جاوے بس تیار ہے استعمال میں لاویں مجرب ہے =

(نابغہ مسکین ولی محمد حکیم افغان [illegible])

---

## اکسیری پارس کشتہ نقرہ

جس طرح پارس کے اتصال سے دوسری اشیاء سونا بن جاتی ہیں اسی طرح اس کشتہ کا استعمال انسان کو ہمیشہ جوان رکھتا ہے - دل - دماغ - معدہ - مثانہ - جگر - گردہ کو حیرت انگیز قوت دیتا ہے اس کے استعمال سے پیری میں شباب کا لطف حاصل ہوتا ہے اور جوان کو بنا دیتا ہے یہ کچھ لفظی تعریف نہیں بلکہ دعوے ہے کہ اس تعریف سے بڑھکر دس گنا فوائد ہونگے تیار کر کے بعد تجربہ اس مذکورہ کی تصدیق کریں =

ایک تولہ نقرہ خالص مصفے کا پتر بنا ایک پاؤ نگندہ بھنگرہ سفید میں لپیٹ کر بند کر اوپلے نکلی آنچ دیں اسی طرح دو دن میں دو مرتبہ عمل کریں تیسرے دن اس پترہ پر ایک سم الفار سفید اور ایک ماشہ پارہ مصفا ملا کر گھیکوار سے چار گھنٹہ کامل کھرل کریں اور بھنگرہ میں لپیٹ کر دس سیر اوپلے نکلی آگ دیں علی الصباح نکالکر دوبارہ ترکیب بالا مطابق سم الفار اور پارہ ملا کر گھیکوار سے کھرل کریں اور نگندہ بھنگرہ سفید میں لپیٹ کر گل کپڑ دو کر کے دس سیر اوپلے نکلی آگ دیں بس اسی طرح دس مرتبہ عمل کریں ان تمام عمل کے دنوں کی مجموعی تعداد بارہ دن ہو گی بعدہ بڑی احتیاط سے شیشی میں رکھیں خوراک ایک چاول کا چوتھا حصہ مسکہ گاؤ میں ایک حصہ نکی میں رکھ کر کھائیں ایک ہفتہ کھا کر چار یوم ناغہ کریں بعدہ ایک ہفتہ استعمال کریں - اس درجہ قوت پیدا ہو گی جسکا ضبط مشکل ہو گا - امساک میں ترقی ہو گی - رنگ چہرہ سرخ مثل خون کبوتر کے نکل آئیگا جملہ اعضاء رئیسہ قوی ہو جاوینگے

بہر حال صدہا فوائد ظاہر ہونگے تجربہ صدہا بار کیا گیا ہے =

## پیٹنٹ گولیاں مجرب

بادہ زاد نامرد کے سوا ہر قسم کی سستی و کمزوری کو یہ گولیاں دور کرتی ہیں جلق۔ اغلام کثرت جماع۔ بچپن کی حرکات نالشبیہ کی وجہ سے جب اعضائے جواب دے چکے ہوں تو یہ گولیاں تریاق کا کام دیتی ہیں سینکڑوں بار کی مجرب ہیں مایوس از کار رفتہ مرد صاحب اولاد کر دیتی ہیں۔ نیز دماغ دل جگر معدہ گردوں وغیرہ کے افعال کو صحیح اور اعصاب بھری طاقت پیدا کر دیتی ہیں نسخہ ذیل ہے

مرکب

ایکسٹریکٹ ڈیمیانہ ۱۶ گرین
گولڈ کلورائیڈ ۱۸ گرین
ایکسٹریکٹ کینبس انڈیکا ۱۰ گرین
سٹرکنائن ہائیڈروکلورائیڈ ۲ گرین
ایکسٹریکٹ بلاڈونا ۱۰ گرین
ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۱۸ گرین
زنک فاسفورس ۱۸ گرین
[illegible] ۶ گرین
فاسفاس ۳ گرین
ایکسٹریکٹ جنشن ملا کر ۲۴۳ گولیاں بنا دیں ایک گولی بعد از غذا

## حبس بول کا حتمی علاج

کیسٹر آئیل ولائیتی دو تولہ آب نیم گرم آدھ پاؤ میں ڈال کر مریض کو پلا دیں اور چند منٹ کے بعد پیشاب روانی کی دیکھئے۔ ہاں اگر شدید تکلیف ہو ہمراہ اس کے حبس کے مکان کا میل تھوڑے پانی میں گھس کر ناف پر لیپ کر دیجئے جس سے دوسری خوراک کی انتظار کی زحمت نہیں ہوتی۔

---

## اسہال لانے کا بہترین چٹکلہ

حنظل کا پھل تازہ لیکر جو بڑا ہو۔ ایک ہلیلہ کابلی اس میں شگاف دیکر رکھ دیجئے اور تاگہ باندھ دیجئے تیسرے دن پھر اس ہلیلہ کو نکال کر دوسرے پھل تازہ میں اسی طرح رکھئے اور ہر تیسرے دن پھل تبدیل کرتے رہئے آخر چالیس پھل میں اسی طرح رکھنے پر یہ چیز تیار ہمیشہ کے لئے ہو جائیگی۔ جب ضرورت اسہال لانے کی ہو تو تھوڑا گرم کرکے نیم گرم پانی سے دھو کر ہلیلہ کو ہاتھ میں دبا دیجئے دس منٹ کے اندر اندر اسہال آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر بند کرنا منظور ہوں تو ہلیلہ کو ہاتھ سے نکال دیجئے اور ٹھنڈے پانی کا ہاتھ دھو ڈالئے اسہال بند ہو جائینگے بہترین ترکیب اور عجیب و غریب شعبدہ ہے

## غایت درجہ کا کشتہ شنگرف مقوی باہ

شنگرف یکتولہ کسی کوزہ میں رکھکر آب برگ دھتورہ ڈالکر لبالب بھر دیں اور آگ پر رکھکر خشک کریں بعدہ نغدہ برگ دھتورہ ایک پاؤ میں رکھکر سمپٹ کر کے ایک سیر کی آگ دیں جب سمپٹ ٹھنڈا ہو جاوے نکالکر پھر دھتورہ کے دو دو تولہ میں شنگرف بند کر کے گل حکمت کر کے ایک چھٹانک برگ تنباکو سبز کے نغدہ میں رکھکر ایک سیر کی آگ دیں۔ پھر شنگرف کو نکال کر ایک چھٹانک روغن زرد تازہ گاؤ میں کھرل کر کے ایک آہنی کڑاہی صاف میں ڈالکر اوپر اسکے ایک کٹورہ رکھ دیں کٹورہ پر کوئی سنگین بوجھ رکھکر کڑاہی کے نیچے بقدر دس منٹ تک آگ جلائیں۔ شنگرف گھی میں حل ہو کر سیاہ رنگ کا کاڑھا ہو جائیگا۔ اسمیں سے بقدر ایک یا دو رتی مسکہ میں کھلا دیں [illegible] امساک کر دیگا انشاءاللہ

## جنین مردہ و مشیمہ کا احتباس

اگر بچہ خدانخواستہ پیٹ میں مر جاوے تو وہ وقت حاملہ کیلئے بیحد خطرناک ہوتا ہے جلد ممکن ہو اسکے خارج کرنے کی سعی کی جاوے نسخہ ذیل سریع الاثر جو [illegible] کرنے والا ہے انشاءاللہ العزیز تجربہ بالکل درست ثابت ہوگا

پوست ثمر املتاس نیمکوفتہ  پوست اخروٹ نیمکوفتہ  عرق گلاب خالص تند

۱ تولہ  ۲۲

۱ پاؤ  ۲ پاؤ

میں جوش دیں جب تین چھٹانک عرق باقی رہے نبات سفید تین تولہ بہتر قند سیاہ دو تولہ اور زعفران اصلی چار رتی گھسکر ملائیں اور دیکھیں کہ کتنے منٹ کے مردہ بچہ یا آنول نال باہر آجاتی ہے انشاءاللہ آزمودہ ہے

کشنیز تیل ولائتی دو تولہ نیم گرم پانی میں ڈالکر پلا دیں آدھ گھنٹہ کے بعد بچہ باہر یہ بھی آزمودہ ہے

## دوائے دیگر سرخی چشم

ڈوڈی گل لالہ کا شیرہ نکالکر رکھیں نوشادر پیسکر اس شیرہ میں خلط کر کے آہنی کڑاہی میں رکھکر آگ دیں نوشادر شگفتہ ہو جاویگا سرمہ سا باریک پیسکر سلائی لگایا کریں مجرب ہے یہ اسرار خفیہ ہے تمام مفرد ادویہ اس کے سامنے ہیچ ہیں خود تجربہ کریں

---

## کشتہ اکسیر کا شنگرف یاقوتی

علم اسرار الحکمت - کیمیا و رسائن کا ایک نسخہ سہل الترکیب و اساس الاکسیر جو نفس الامر صحیح اور مجرب المجرب ہے

سیماب مصفی کو اول تین روز تلسی کے پانی میں کھرل کریں بعدہ تین روز پان بنگلہ کے پانی میں کھرل کریں بعدہ ازاں تین روز آب گل سورج مکھی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور ٹکیہ خشک شدہ کو [illegible] چینی کی مچھلی جس کا وزن مجموعی تین پاؤ ہو لے کر خوب کوٹ کر [illegible] ہم سے کریں اور ٹکیہ درمیان میں رکھکر گلی کوزہ میں بند کر کے خوب گل حکمت کریں اور سپلہ دشتی بوزن چار سیر کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں - یہ کشتہ مصفی خون ممسک و مقوی اعلی درجہ [illegible] اکسیر البدن ہے خوراک ایک خس [illegible] برگ پان یا بالائی یا مسکہ یا منقی سے =

۸۲۰

## اکسیر کا روغن شنگرف مجرب

شنگرف رومی ایک تولہ - بھینس کا دودھ ایک سیر - شنگرف کو ایک برگ بھنگ کے کپڑے میں پوٹلی بنا کر شیر کے برتن میں ڈالکر لٹکائیں جب دودھ نصف رہ جاوے دودھ کو جاگ دیکر مکھن نکالیں مکھن کا گھی بنالیں اور گھی کو حفاظت سے رکھیں خوراک دو قطرے سے آٹھ قطرے تک دودھ میں ڈالکر پیئیں مقوی بدن مولد خون صالح مقوی باہ - چہرہ کو سرخ بنا دیتا ہے اسکی قدر وہی جانتے ہیں جو اسکو استعمال کرتے ہیں [illegible]

112

## اکسیر طحال و جگر

| فری امونیا | پوٹاشی آئی ڈائی | جوہر پودینہ | سالٹ | عرق گلاب |
|---|---|---|---|---|
| ۲ ماشہ | ۹ ماشہ | ۲ ماشہ | تھوڑا سا | ایک بوتل |

عرق گلاب بوتل میں سب کو ملا کر حفاظت سے رکھیں خوراک دو تولہ روزانہ پئیں طحال و معدہ و گردہ و مثانہ کے لئے چوٹی کا نسخہ ہے۔

## کشتہ سم الفار مصفّی

۲ ایک بڑا شلغم لیکر اوپر طرف جہاں پتے نہیں ہوتے ایک انگشت چوڑا گڑھا شلغم میں کر دیں اور اس میں سم الفار کی ڈلی رکھ دیں پھر جو کچھ شلغم سے نکلا تھا وہی اوپر رکھ دیں پانچ گل حکمت کر کے دس سیر پختہ اوپلے خانگی ایک کونہ میں ہوا سے بچا کر آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔ خوراک دانہ خشخاش سے ایک چاول تک کھلائیں بہت مجرب غذا فالودہ ملائی وغیرہ کھانا ہوگی ہر امراض عصبی و قوت باہ و قوت معدہ

## کشتہ توتیا برنگ سفید

۳ ریگجبیل دو تولہ باریک کر کے درمیان توتیا رکھ کر اور گرد مٹی کا چولہا بنا کر آگ دیں ٹھنڈا کر دیکھیں توتیا برنگ سفید برآمد ہوگا۔

---

113

## مچھروں کا جڑ کیڑا مار

ایک طشتری میں سادہ پانی بھر دیں اور اکسیر چند قطرے روغن ڈال کر اپنے پلنگ کے سرہانے رات بھر رہنے دیں اور خوب میٹھی نیند سوئیں امید ہے کہ آپ اس کا تجربہ کر کے حیران ہونگے کیونکہ مچھر ذیلی فوج کا ایک سپاہی بھی رات بھر میں آپ پر حملہ نہیں کر سکیگا آزمودہ ہے

۸۶

## اکسیر امراض پیٹ وغیرہ زود اثر

| نوشادر | سونٹھ | ست کافور |
|---|---|---|
| ۱ تولہ | ۱ تولہ | ۱ تولہ |

باریک کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں

خوراک ایک رتی سے چار رتی تک کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

نفخ شکم۔ بدہضمی۔ کثرت ریاح۔ متلی۔ قے۔ جلاب۔ ہیضہ ہر قسم کیلئے تیر بہدف اور ہزاروں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔ فعل ہاضمہ قوی ہو کر مرض رفع ہو جاتا ہے۔ پیچش میں درد شکم اور مروڑ کے ساتھ خون آنے کیلئے از حد مفید ہے لیکن فعل کی خرابی سے ہونے والے تمام امراض آنا فانا رفع ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں کے درد سر۔ داڑھ درد۔ نزلہ زکام وغیرہ کیلئے صرف ایک رتی ناک میں نسوار لیں فوراً آرام ہوگا۔

## اکسیر چیچک و جدری

ایک بیر بوٹی تازہ چند عدد شیشی میں ڈالکر اور ان سے دو چند چاول ساٹھی داخل کر کے شیشی کو مضبوط کارک لگا دیں اور اس وقت تک رکھیں کہ چاولوں کا رنگ نہایت گہرا سرخ ہو جاوے۔ بعد ازاں بیر بوٹی نکالکر چاول حفاظت سے رکھیں۔ بوقت ضرورت بلحاظ عمر دو تین چاول تک باریک پیسکر ایک عدد منقہ منقے میں ڈال کر دیں اور اسمیں چند تار زعفران کی بھی شامل کریں اور نگلوائیں۔

چاہے کیسی ہی سخت چیچک کیوں نہ ہو رب السموات والارض کی مہر سے خود شفا ہو خصوصاً جب کہ جدری اندر چلی جائے اور مریض کرب و تپش میں بے خبر ہو اور یہ استعمال کرائی جاوے تو اسوقت جدری اور ہر قسم ابھر دکھاتی ہے یہ عطیہ ربانی ہے

## جلندرہ آزمودہ شدہ

لاثانی

| موٹے چنے | آرد ماش | پھٹکڑی | سمندر سوکھ | سالم کلیجہ بکرہ جوان |
|---|---|---|---|---|
| ۸ تولہ | ۹ تولہ | ۶ تولہ | ۹ تولہ | یک عدد |

کڑاہی صاف میں ڈالکر تھوڑا تھوڑا کلیجہ وقفہ وقفہ کے بعد ڈالو اور زور زور سے ہاتھ سے گھوٹو۔ مسلسل بارہ پہر کے بعد جلندرہ تیار ہے اور یہی تمام عمر کارآمد ہے استعمال سے خراب نہیں ہوتا تیار کر کے رکھ لیں بوقت ضرورت استعمال کریں اکثر آزمودہ ہے

---

۱۱ ۹۶

## اکسیر یرگی آزمودہ

درخت مدار یا اک یا آکڑے کے پتوں پر جو چیونٹیوں سے بھی چھوٹے زرد رنگ کے کیڑے ہوتے ہیں انکو جمع کر کے سفوف بنا کر رکھیں اور دورے کے وقت یہ سفوف گیہوں کے تنہ کی یا کسی ایسی ہی باریک نالی میں بھر کر زور سے مریض کی ناک میں پھونک دیں اس عمل سے مریض کو دو منٹ کے اندر اندر چھینک آتی ہے جس سے زرد رنگ کی گندہ مواد خارج ہو کر آرام ہو جاتا ہے درست ہے

## برائے سیلان گوش مجرب

۹۰

| خرمہرہ زرد سوختہ | کندر | انزروت | مرمکی | اقاقیا | دم الاخوین | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳ ما | ۱ ما | ۱ ما | ۱ ما | ۱ ما | ۱ ما | ۱ ما |

| پھٹکڑی بریاں | ایڈو فارم | بورک ایسڈ | ٹینک ایسڈ |
|---|---|---|---|
| ۱ ما | ۱ ما | ۱ ما | ۱ ما |

سب کو خوب باریک پیسکر ملا لیں۔ نلی کے ذریعہ کان میں پھونکیں۔ سیلان گوش کیلئے اس سے بہتر شاید کوئی اور نسخہ نہ ہو گا کتنے سال کا پرانا مرض ہو اور مریض علاج کرا کر عاجز ہو گیا ہو انشاءاللہ اسکے چند روز استعمال سے عمر بھر تندرست ہو جاتا ہے مجرب آزمودہ ہے

## کشتہ روپیہ سالم الحروف آسان

رال تخلید

حسن دھوپ اصلی جس سے گندھک کی سی بو آتی ہے رنگ زرد
ہو دو تولہ لیکر اسمیں ایک روپیہ رکھکر پیالوں میں بند کر کے تین سیر او
کی آگ دیں سالم الحروف کشتہ ہوگا خوراک ½ رتی مقوی باہ مقوی اعصاب

### آزمودہ برائی خنازیر (گنٹھمالا)

ہیجو ہر ناگ پھنی کے پھول بقدر ایک تولہ۔ تیل دیسی سرسوں سیاہ خالص تین تولہ
۳ تولہ ۱ تولہ
تیل کو کسی قلعی دار برتن مثلاً قول وغیرہ میں خوب گرم کریں بعدہٗ تیل کو آگ سے اتار کر
پھول مذکورہ نہایت باریک پیسکر گرم گرم تیل میں ملا کر خوب حل کریں۔ یاد رہے کہ بہت زیادہ
گرم تیل میں نہ ڈالیں جس سے پھول کا جوہر جل جاوے۔

ترکیب دن میں دو مرتبہ تیل مذکورہ تیار شدہ گلٹیوں پر بذریعہ پر مرغ یا انگلی سے
ملا کریں انشاءاللہ ایک ماہ کے اندر ہی اس موذی مرض کا نشان نہیں رہیگا
تمام گلٹیاں خود بخود غائب ہو جائینگی اور مرض دوبارہ عود نہ کریگا تجربہ شدہ

---

## درد دانت و داڑھ کا اکسیر علاج

117

سینکڑوں مرتبہ کی تجربہ شدہ اکسیر الاثر دوا

کرازوٹ ٹینکچر اوپیم ٹینکچر کیمفر ٹینکچر کلوروفارم ٹینکچر اکونائٹ

تمام ہموزن لیکر ڈراپر دار شیشی میں ڈالیں۔

ترکیب
کسی تنکے پر روئی لپیٹ کر اس دوائی میں ذرا سا تر کر لیں اور درد والے دانت
پر لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں تاکہ لعاب دہن گرتا رہے دم بھر میں آرام ہو جاتا ہے
اگر داڑھ میں سوراخ ہو تو روئی کے پھایہ اس میں بھر کر لعاب گرا دیں کھانا کھاتے
وقت سوراخ کو صاف کر لیا کریں آزمودہ ہے

### امساک وسوزاک وجذام و آتشک کا اکسیری نسخہ

چھوٹے چھوٹے مینڈک پکڑ کر ڈورے میں باندھکر سایہ میں لٹکا کر خشک کر کے کوٹ
چھان کر سفوف بنا لو۔ خوراک نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب تازہ دو تولہ
سوزاک و جذام آتشک کا قلع قمع ہو جائیگا۔ اور امساک کیواسطے سفوف مذکور
اور گل عباسی کی جڑ کا سفوف ہموزن ملا کر بذریعہ پانی ایک ماشہ کی گولی
[illegible]
روزانہ [illegible]

## درد قولنج و باؤ گولہ کا حتمی اکسیری دوا

پاپڑ کھار۔ پانی نصف گلاس میں ملا کر پلاؤ۔ امید ہے کہ انشاء اللہ مرض ۳ یوم ایک ہی خوراک سے ہمیشہ کیلئے نجات ہو جائیگی یہ دوا جادو اثر کامیاب ہے بارہا تجربہ کیا صحیح ثابت ہوئی۔

## پانچ منٹ میں درد گردہ غائب

پیخال کبوتر جنگلی سفید حصہ جدا کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں درد گردہ کیلئے اکسیر ہے خوراک کم از کم دو رتی ہمراہ آب گرم دیں بس پانچ منٹ میں ماہی کی طرح تڑپتے ہوئے مریض کو شفا ہو گی۔

## 4 دمہ کیلئے زود اثر مجرب دوا

بھنگ خشک۔ قلمی شورہ۔ برگ دھتورہ خشک۔ تینوں چیزیں ہم وزن لیکر خوب کوٹ کر کے محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت اس دوا کی دو تین چٹکی لیکر چلم میں رکھکر بطور تماکو پلائیں یا سگریٹ میں ڈالکر دیں بس دھواں پینے کی دیر ہو گی کہ دمہ کا دورہ کسطرح اڑ جاتا ہے بہت لاجواب اکسیر الاثر دوا ہے کئی دفعہ آزمائش ہوئی

## منہ پر کیل اور چھائیاں کی مجرب دوا

اکوا پر لا ایبل۔ ہومیو پیتھک کی ایک دوا مثل عرق یعنی سیال ہے رات کو سوتے وقت ذرا سا کپڑے پر لگا کر منہ پر مل لیں اسی رات میں آرام ہو جائیگا۔

## بہرہ پن کا تیل

مولین آئیل = ہومیو پیتھک کی دوا جو بہرہ پن دور کرنے کیلئے اکسیر بے خطا دوا ہے

## ورم پستان زنان

اگر چھاتیوں میں ورم آ گیا ہو اور پیپ نہ پڑی ہو تو ذیل کا نسخہ استعمال کریں منجمد مادہ فوراً تحلیل کرتا ہے مجرب ہے

مویز منقے کشمش مغز بادام ہر سہ ادویہ ہموزن کو لگر یک جان کر لیں اور کڑھائی میں بریاں معمولی طور پر کر لیں اول نیم گرم ضماد کریں بعدہ گرم گرم کر کے باندھ دیں ایک دو گھنٹہ میں پہلے روز تخفیف ہو جاویگی۔ نیز ہر قسم کے ورم کو مفید ہے بشرطیکہ پیپ نہ پڑی ہو

## (حبوب طحال آزمودہ)

| غاریقون | افتیمون | سنبل الطیب | ریوند خطائی | تربد سفید | حب النیل | مقل ازرق |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸ ماشہ | ۸ ماشہ | ۸ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ | ۶ ماشہ |

| انیسون | شحم حنظل | دارچینی | پوست ہلیلہ زرد | صبر سیاہ | نمک شیشہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶ ماشہ | ۱ تولہ | ۴ ماشہ | ۲ تولہ | ۱ تولہ | ۴ ماشہ |

آب کنوار گندل حب بقدر نخود گلولہ بندد بوقت خواب ۲ عدد حب آب نیم

## سرمہ اکسیر ککرہ چشم عمدہ

| سرمہ سیاہ | کانچ سبز | قرنفل | سونا مکھی | روپا مکھی | ذنگار | سمندر جھاگ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ |

| پیلی سونا | میل چاندی | زعفران | افیون | پھول رجنہ یعنی زنک اوکسائیڈ | بورک ایسڈ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ ماشہ | ۳ ماشہ | ۲ ماشہ | ۲ ماشہ | ۵ تولہ | ۲ تولہ |

دیگر میں ملادیں * سبکو خوب باریک کرکے سرمہ بنالیں استعمال صبح وشام دو دو سلائیاں آنکھوں میں لگایا کریں سو فیصدی مجرب ہے ہزاروں مریضوں پر آزمودہ میں تیر بہدف پایا ہزاروں لوگ اس سرمہ کے چاہنے والے ہیں کوئی دوا اسکا مقابلہ نہیں کر سکتی آزمائش خود کر کے دیکھ لیں

## (اکسیر حیض)

جاری حیض ہر عمل

تخم سویا ۴ ماشہ کو جوش دیکر اسکے پانی کو شربت قند سیاہ میں بنا کر نیم گرم پلادیں فوراً حیض جاری ہوگا اور مردہ بچہ بھی باہر آجاوے گا

---

## اکسیر طحال مجربہ

| پانی تیزاب | سرکہ انگوری | سرکہ جامن | جوکھار | قلمی شورہ | نوشادر | جوندوان |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ سیر | ۱ سیر | ۱ سیر | ۳۰ تولہ | ۳۰ تولہ | ۳۰ تولہ | ۳۰ تولہ |

ہر تین کلی گلاس پختہ بچنے گھڑا بوزن میں تمام چیزیں ڈالکر بحفاظت رکھیں اور ہر تیسرے یوم باہر والا جوہر برآمدہ اکٹھا کریں اور روزانہ گھڑے والے پانی کو ہلا دیا کریں پس اس جوہر کی خوراک ایک رتی روزانہ نہار منہ استعمال کرایا کریں

## اکسیرہ حبوب بواسیری

پوست نمولیاں پختہ نیم دیکائیں ہر ایک پانچ پانچ تولہ - رسوت مصفٰی دو تولہ بیتہ بکری دس عدد تمام کو باریک کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنادیں - استعمال ایک صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ کھادیں - اکیس یوم کے استعمال سے دائمی آرام ہوگا

## بلوکہ مصفی خون

(از حد مصفی خون و دافع خارش بدن مجربہ تجربہ شدہ)

| گل سرخ | تخم کاسنی | صندل سفید | شاہترہ | پوست ہلیلہ زرد | ہلیلہ سیاہ | برگ سناء |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ تولہ | ۳ ماشہ | ۶ ماشہ | ۱ ماشہ | ۱ تولہ | ۶ ماشہ | ۱ تولہ |

رات کو بھگو کر صبح ہمراہ شہد چار تولہ ترکیب کر کے مریض کو پلادیں اور فضلہ کو تین حصہ تک پانی ڈالکر بوقت شام ہمراہ شہد حسب لبنہ استعمال کریں قریباً ہفتہ عشرہ کے استعمال سے مریض کو کلی نجات ہو گی ہے

عرق شاہترہ [illegible] جوہر [illegible] ہیں سب سے بہترین ثابت ہوا ہے

اور از حد مصفی خون ہے [illegible]

# کھنڑالی و ورم کنج ران

کھنڑالی بغلوں میں نکلتی ہے سخت درد کرتی ہے = اور ورم کنج ران دونوں کے عین اوپر نکلتی ہے = اگر درخت بڑھ کا دودھ ان پر لیپ کریں تو اسکو بڑھنے سے روکے گا - اور گیلہ اور سہاگہ باریک کرکے کنوار گندل کے قتلہ پر چھڑک کر باندھیں نہایت عجیب تجربہ ہے اور یہ دونوں مرض تحلیل ہو جاتی ہیں اگر بڑی ہو جاوے تو یہ مرہم استعمال کریں - سہاگہ - ہلدی - بڑا گڑ تینوں مساوی وزن کی مرہم بنا دیں اور لگا دیں یہ مرہم خشک ہو کر دیکھی اور کسی طرح سے پھٹتی نہ ہو اور تکلیف سخت ہو تو بچے کا پیشاب برتن میں ڈالکر ذرا گرم کریں کا رنگ ڈال صابن کی ایک ٹکیہ اس میں باریک کر ڈالیں اور تھوڑا نمک ڈالکر آگ پر چڑھا دیں جب خوب غلیظ ہو جاوے تو پھر تمام لیپ کریں انشاءاللہ خود بخود پھٹ جاویگا اور پیپ جاری ہو گی جس سے اندر صاف ہو جاویگا اوپر سے مرہم کا استعمال کریں =

## (آسان و مجرب اکسیر بوٹی تپ ہر اقسام خصوصاً میعادی بخار کیلئے)

| گیرو | نوشادر | شورہ قلمی | مغز تخم کرنجوہ |
|---|---|---|---|
| ۱ تولہ | ۲ تولہ | ۲ تولہ | ۸ تولہ |

جملہ ادویہ کو خوب باریک پیس چھان کر سفوف تیار کریں - خوراک ۱ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیا جاوے مجرب

---

# (علاج درد دندان از قلمی بیاض)

بقدر نیم فلوس مرچ سیاہ آوردہ در یک پاو آب خوب جوش کند بعدہ نیم گرم کردہ در دہن بدارد بقدر یک دو لحظہ در دہن داشتہ آنرا بریزد و باز دیگر در دہن بدارد و ہمچنین دو سہ بار بکند امید است کہ اندران روز دفع درد خواہد شد و الا روز دیگر ہم بکند ہرگز نہ خواہد ماند بالکل دفع خواہد شد آزمودہ و مجرب کار است

## مبہی و ممسک مجرب

| تخم جوز ماثل | بجرس | افیون دیسی | لبسباسہ | صمغ عربی | سم الفار سفید |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ تولہ | ۲ تولہ | ۲ ماشہ | ۲ تولہ | ۲ تولہ | ۱ تولہ |
| کچلہ مدبر | فلفل سیاہ | زعفران | | | |
| ۲ تولہ | ۲ تولہ | ۲ تولہ | | | |

+ ~~سبکو باریک کوٹ کر بھنگ کے پانی~~

ترجمبر کا سکہ ڈال کر

بھنگ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود ~~[illegible]~~ کم بقدر فلفل بنا دیں - خوراک ایک گولی ہمراہ آب ایک دو گھنٹہ قبل جماع - مگر بہتر ہے کہ بعد میں دودھ گھی ملا کر گرم گرم پینا ضروری ہے نہار منہ ہرگز نہ استعمال کریں =

## دیگر

اول تخم دھتورہ سفید کا بذریعہ پتال جنتر تیل نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں - رات کو بوقت خواب مواصلت پان پر بجائے چونہ کے ۲ رتی تیل لگا کر نوش کریں اور تھوکیں ہرگز نہ آہستہ آہستہ چوستے رہیں اور لطف حاصل کریں شدت سے امساک ہو گا =

125/1

## (سہل الترکیب واکسیر الاثر عرق مجرب بخار)

بچوں کے اسہال رنگ برنگی و پیچس وتپ وغیرہ اور جوان کے بخار ہر اقسام خصوصاً تپ ملیریا وغیرہ
مثلاً جو مرض بوجہ گرمی کے ہوا ہو ان کیلئے آب حیات ہے اور فوری اثر دکھاتا ہے
کافور ۱ تولہ کو باریک پیسکر ایک بوتل پانی میں حل کریں پھر مضبوط کارک لگا کر رکھیں بس
جادو اثر دوا تیار ہے = ترکیب استعمال بچوں کو حسب عمر مثلاً چھ ماہ سے دو سال تک کے بچے کو ۲ ماشہ
۳ ماشہ عرق ہمراہ پانی آدھ میں ملا دیں دن میں ایک یا دو بار = بڑی عمر پر اندازہ لگا کر استعمال کریں
جوان کو بحالت بخار ملیریا یا گرمی کے موسمی بخار وغیرہ میں دو تولہ عرق اکسیر اور ایک چھٹانک پانی
میں ملا کر دیں دن میں تین بار انشاء اللہ تعالیٰ اول روز آرام ہوگا =

## (عرق دافع سوزاک جدید اکسیر الاثر)

ایک چھٹانک گشنیز خشک کوٹ لیکر رات کو آدھ پاؤ پانی میں بھگو چھوڑیں صبح جوش دیکر چھان لیں
بس حاصل کردہ عرق کو ایک بوتل میں ڈالدیں پھر اسمیں ایک اونس فروٹ برانڈی درجہ اول اور
۲ تولہ روغن صندل اصلی میسور والا دونوں کو عرق مذکور میں ملا کر ہلادیں اور بوتل پر بارہ نشان
جسمیاں کردیں بس ایک ایک خوراک دن میں تین بار ہمراہ پنجلہ بھنگڑی یا چار رتی فی خوراک
پرہیز گرم اشیاء و تیل ترشی وغیرہ مجرب المجرب ہے

---

125/3

## (ممسک و مبہی مجرب صدری)

ہڑتال ورقی زرد = کو ورکھ اتنا کس قریباً دو تین رکھ کی ہو اسمیں ہڑتال مذکور کو درمیان رکھ
۱ تولہ
کے دیکر دبادیں اور چولہے پر رکھیں نیچے لکڑی وغیرہ کی آگ دیں یعنی چار پہر کی آگ کافی ہے
مثلاً سارا دن آگ دیں اور رات بھر ٹھنڈا ہونے دیں بعد میں ہڑتال مذکورہ نکال کر صاف کریں اور
علیحدہ رکھیں = ایک تولہ کچلہ عمدہ - لیکر دیگر دودھ جو چولہا میں کیسی قسم کی ہو اسکو کڑاہی میں ڈالکر
کچلہ اسمیں ڈالدیں اور نیچے آگ روشن کریں اور کچلہ کو لکڑی سے نیم برشتہ کریں جلنے ہرگز نہیں
جسوقت کچلہ پھول جاوے نکال لیویں چھلکا و پتہ وغیرہ صاف اگر ہو تو دور کریں بس اسکو
علیحدہ رکھیں = افیون بیکانیری - لیں اور جداگانہ کھرل کریں اور باریک کرکے یکجان کریں
۶ ماشہ
بہتر ہوگا کہ ہر سہ ادویہ کا وزن برابر ہو مگر خوف ہے کہ زیادہ وزن استعمال ہو جائے
خوراک ایک رتی در مکھن یا ملائی یا منقہ وغیرہ اکسیر الاثر ہے =

۱۲۵ دیگر باہ [illegible]

## (اکسیر الخفقت مصلح منی)

معمول

(دافع جریان - احتلام - سرعت - رقت - ذکاوت حس غرض کہ مثانہ کی کل امراض کیلئے تجربہ شدہ اکسیر)

| سیماب مصفی | قلعی مصفی | بہمن | بیخ لفاح | مرچ سفید دکنی |
|---|---|---|---|---|
| ۶ ماشہ | ۱ تولہ | ۳ ماشہ | ۳ ماشہ | ۲ تولہ |

سیماب اور قلعی کی گرہ کریں پھر پوست بیخ لفاح اور بہمن ڈالیں اور کھرل کریں پھر سب مرکب میں ایک ایک
مرچ سفید ڈالتے جاویں اور کھرل باریک کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام مرچ سفید ختم ہو کر سفوف مثل غبار
بن جاوے بس اسکو باحتیاط رکھیں = خوراک ۲ یا چار چاول ہمراہ مکھن یا ملائی تجربہ شدہ کامیاب نسخہ ہے

[illegible]

## آسان کشتہ نقرہ مجرب

(مقوی دل و اعضائے رئیسہ دافع حرارت مثانہ و اکسیر جریان وغیرہ)

| گندھک آملہ سار | نیمچھل | سون مکھی | پارہ | پترہ چاندی - اول الذکر چاروں اشیاء باریک |
|---|---|---|---|---|
| ۲ ماشہ | ۲ ماشہ | ۲ ماشہ | ۲ ماشہ | ۱ تولہ |

کرکے پترہ کے زیر و بالا دیکر کپڑ مٹی کلھیہ گلی خورد میں اور گل حکمت کرکے نیم پاؤ گوبلوں کی آگ دیں نعمتعالیٰ نسواری رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ مسکہ

## (کشتہ شنگرف اعلیٰ مبہی مجرب کار اکسیر)

سعد

مستعمد کشتہ

| شنگرف رومی سالم ڈلی | آرد ماش | روغن سرشف | مرغ جوان اصیل وغیرہ |
|---|---|---|---|
| ۲ تولہ | ۸ ماشہ | ۱ ماشہ | یک |

آرد ماش کو گوندھ کر چالیس غلولے بنا دیں اور باری باری سے غلولہ میں شنگرف دیکر تیل سرشف میں بریان کریں اگر کبھی قشر آ جاوے تو روغن میں بریان کریں افضل ہے۔ پھر مرغ کو ذبح کریں اول صرف اسکا پیٹ چاک کرکے اندر سے چھوٹی مرغ نکالکر باحتیاط صاف کرکے اس میں شنگرف مذکورہ رکھدیں اور اس چھوٹی دم شدہ کے پیٹ میں بطرف قریب گردن چھوٹی کا بند حصہ ہو اور کھلا حصہ بطرف پیٹ ہو رکھکر باقی حصہ گردن کی طرف دیکر غلولہ بنالو اور پیٹ بھی صاف کرلو مگر چمڑہ ساتھ رہے پھر اسکو غلولہ پر کس دو اور اوپر آٹا لپیٹ کر غلولہ بنالیں پھر اسکو ایک آدھ گز گلی میں رکھکر ۲ جانب اوپلے تھوڑا گڑھا میں درمیان دیکر بند مکان میں آگ دیں آٹھ پہر کے بعد نکال لیں۔

## (کشتہ شنگرف بہ رنگ سفید آسان ترکیب)

سعد

| شنگرف | تیزاب گندھک |
|---|---|
| ۱ تولہ | ۳ تولہ |

ترکیب۔ [illegible] لیکر اسکو خوب صاف کریں اور اسپر تیزاب ڈالدیں اور شنگرف سالم ڈلی اسکے درمیان رکھدیں اور کڑھاؤ کو اوپلوں کی آگ میں اوپر رکھکر دم نرم ہو تیزاب آہستہ آہستہ اڑ جائیگا اور شنگرف کی ڈلی سفید زردی مائل برآمد ہوگی۔ قوت باہ [illegible] اور دیگر امراض بلغمی میں مناسب بدرقہ سے [illegible] خوراک [illegible] چاول سے [illegible] رتی تک

## (اعلیٰ درجہ کا مبہی ممسک نایاب)

| چھلکا بادام | شنگرف رومی | افیون دیسی بیکانیری | روغن زرد گاوی |
|---|---|---|---|
| ۱ من | ۱ تولہ | ۱ تولہ | ۱/۲ سیر |

اول چھلکا بادام کو پانی چار سیر میں اتنا جوش دیں کہ باقی تہائی کم پانی بچے یعنے قریباً اڑھائی پاؤ پانی رہے مگر احتیاط کریں کہ چھلکا بادام کے پانی کو کسی قسم کی دھات نہ لگنے دیں بنا دیں مٹی کی ہنڈی میں تیار کریں اور پانی چھاننے کیوقت بھی مٹی کے برتن میں چھانیں یعنے لوہا وغیرہ کی دھات اس پانی کو ہرگز نہ لگے پس اس پانی کو چھان کر اول شنگرف کو اس پانی سے کھرل کریں یعنے قطرے قطرے پانی ڈالکر کھرل جسوقت نصف پانی جذب ہو جاوے تو پھر افیون شامل کرکے کھرل کریں کہ تمام پانی جذب ہو جاوے تو دوا مذکور کا گولہ بنا رکھیں۔ پھر گھی کو آگ پر چڑھا کر گرم ہونے بعد گولہ ڈالدیں اور آہستہ آہستہ آگ روشن کریں پس اول جوش گھی میں نصف گھی دوا ہضم کر جاویگی دوسرے جوش پر تمام گھی جذب دوائی ہو جاویگا پس اسوقت اتار کر گرم گرم اور گولی بقدر دانہ نخود خورد یعنے مثل دانہ جوار تیار کریں۔ خوراک یک گولی

## (شنگرف سندھ کرنے کی سہل الحصول مجرب ترکیب)

سعد

| شنگرف رومی | سندور |
|---|---|
| ۱ تولہ | ۱۰ تولہ |

ترکیب۔ شنگرف کی ڈلی سالم کو آہنی توے پر رکھکر اوپر سندور بقدر [illegible] دباویں کہ ڈلی شنگرف چھپ جاوے اور اسکے اوپر سندور کی چوٹی دار ڈھیری لگ جاوے پس نیچے نرم نرم آگ روشن کریں تھوڑے عرصہ بعد سندور کے ارد گرد کے کناروں سفیدی مائل ہونا شروع ہو جاویگی قریباً آدھ گھنٹہ کے نکال لیویں شنگرف حسب منشا ہمہ صفت موصوف سندھ یعنے قائم النار برآمد ہوگا مجرب

صحیح ہے

